Opii pulv. gr ix	۹ گرین	افیون کا سفوف
Digitalis pulv. gr xv	۱۵ گرین	ڈجی ٹیلس پوڈر
Scillae pulv. gr xv	۱۵ گرین	اسکوئیل پوڈر

Divide into thirty pills — one every six hours.

سبکو ملاکر تیس گولیان بنائین اور ایک ایک گولی چھہ چھہ گھنٹہ بعد سل کے پہلے درجہ مین کھانسی کم [illegible] کرنے کے لئے دین ۔

Rx.

۲ نسخہ

Morphiae sulph. gr i	ایک گرین	سلفیٹ آف مارفیا
Syr. ferri iodidi ℥ss	نصف اونس یعنی چار ڈرام	سیرپ آف ایوڈائڈ آف آئرن
Glycerinae f ℥iss	ڈیڑھ اونس	گلیسرین

A teaspoonful two or three times a day.

سبکو ملاکر ایک چارکاچمچ دن مین دو یا تین بار کھانسی ولاغری کم کرنے کو دین ۔

نوعد دیگر

℞

بروومائیڈ آف پٹاسیم — ڈیڑہ ڈرام — Potassii bromid.

کلوریٹ آف پٹاس — ڈیڑہ ڈرام — Potassii chlorate

میوریٹ آف ایمونیا — ڈیڑہ ڈرام — Ammon. muriatis aa ʒiss

سیرپ آف ٹولو — ۴ اونس — Syrupi tolu. ad ℥iv

سب کو ملا کر ایک ایک چار کا چمچ کئی کئی — A teaspoonful every few hours.

گھنٹہ بعد دو ۔

[illegible] لینسٹ نامی اخبار مین لکہا ہے کہ نسخہ مندرجہ ذیل سل کے واسطے اور سل کی

کہانسی مین بہت مفید ہے ۔

نسخہ

℞

سلفیٹ آف اٹروپیا — ایک گرین — Atropiae sulph. gr. i

سلفیٹ آف مارفیا — ۸ گرین — Morph. sulph. gr. viii

ایرومیٹک سلفیورک ایسڈ — ۲ ڈرام — Acid. sulph. aromat. ʒii

پپرمنٹ واٹر اتنا کہ سب [illegible] اونس ہو جاوے — Aquam menth. pip. ad ℥[illegible]

[illegible] دن سے پانچ پانچ قطرے دنمین تین بار ۔ M.

[illegible] پانچ قطرے سوتے وقت دین — Dose 5 drops three daily.

[illegible] ایت کے کنزمشن ہسپتال مین سل کی کہانسی کے واسطے یہ نسخہ مستعمل ہے ۔

[illegible] یا اکثر پرو[illegible] استعمال بذریعہ [illegible] ایکسیر [illegible] کے [illegible] سے بچا [illegible]

[illegible] ہو جبتک اس مقدار کا خیال رکھنا چاہیے ۔

Rx.

نسخہ

Morph. muriatis gr ss. — نصف گرین — میوریٹ آف مارفیا

Acid hydrocyanic dil. m XV — ۱۵ قطرے — ڈائلیوٹ ہیڈروسیانک ایسڈ

Acid muriatic dil. m iiss — ڈھائی قطرے — ڈائلیوٹ میوری ایٹک ایسڈ

Oxymelis scillae ʒss — نصف ڈرام — اوکزیمل آف اسکوئیل

Aq. q.s. ad f℥i — پانی اتنا ملائیں کہ سب ایک اونس ہو جائے

Dose 1 to 2 Drams — انہیں سے ایک سے دو دو ڈرام تک دیں ۔

Rx. بقول ڈاکٹر کاسٹا صاحب کھانسی اور سینہ بہت ہو تو یہ نسخہ دینا بہتر ہے ۔

Liqr. morph. sulph. ℥i — سولیوشن آف سلفیٹ آف مارفیا ایک اونس — نسخہ

Ext. prunus virgin. ℥ii — ۲ اونس — اکسٹراکٹ آف پرونس ورجن

Acid. sulph. dil. ʒii — ۲ ڈرام — ڈائلیوٹ سلفیورک ایسڈ

A teaspoonful three times a day. m. — مکسچر بنالیں اور اس میں سے ایک ایک چاء کا چمچہ بھر کر دن میں تین یا چار بار دیں ۔

معدہ کے خراش کے سبب سے کھانسی ہو تو نصف گرین افیون کا ست ایک اونس پانی میں ملا کر دن میں دو بار انہیلیشن کرانے سے بہت فایدہ ہوتا ہے ۔

گلے کی اریٹیشن یعنی خراش دور کرنے کے واسطے تار یا کاربولک ایسڈ یا کریازوٹ یا گرم پانی کا انہیلیشن مفید ہوتا ہے اور سینہ پر خشک سینگی لگانا تنگی تنفس اور کھانسی میں فایدہ مند ہے ۔

ڈیاریا یعنی اسہال

اگرچہ اکثر اسہال مفید ہوتا لیکن جب ہوتا ہے تو مریض کو بہت کمزور کر دیتا ہے پس اس کے لئے نسخہ مندرجہ ذیل دینے چاہئیں ؞

نسخہ ڈرافٹ

Rx.

Olei ricini	۲ ڈرام	کیسٹر آئیل
Tinct. rhei aa f ʒii	۲ ڈرام	ٹنکچر آف روبرب
Tinct. opii m. iv	۴ قطرے	لاڈنم
Aq. cinnamomi f ʒiv M.	۴ ڈرام	سینمن واٹر

To be taken at a draught.

یہ ایک جرعہ ہے ؞

جرعہ مذکور کے بعد یہ نسخہ دیں ؞

نسخہ

Rx.

Acid. nitric dil. m xii	۱۲ قطرے	ڈائیلیوٹ نائٹرک ایسڈ
Tinct. opii m v–x		لاڈنم پانچ سے دس قطرے تک
Syrupi f ʒi	ایک ڈرام	سمپل سیرپ
Aq. cinnamomi f ʒx M.	۱۰ ڈرام	سینمن واٹر

یہ ایک جرعہ ہوا ایسی چار چار یا چھ چھ گھنٹہ بعد دیں

Make a draught to be taken every fourth or sixth hour.

نوعِ دیگر

اکسٹراکٹ آف لاگ اوڈ	۲ ڈرام
چاک کسپچر	۱۲ ڈرام
وائن آف اپیکاکوانا	۲ ڈرام
وائن آف اوپیم	ایک ڈرام

سبکو ملاکر ایک ایک ٹیبل اسپون فل دن میں دو یا تین دفعہ یا اس سے زیادہ دیں ۔ بقول ڈاکٹر گریوسن صاحب یہ نسخہ مفید ہے ۔

نسخہ

ڈالیوٹ سلفیورک ایسڈ پندرہ سے بیس قطرے ۲۰

لاڈنم دس سے پندرہ قطرے

ٹنکچر آف سنکونا اتنا کہ سب ایک ڈرام ہو جاے

یہ ایک خوراک ہے ۔

Rx.
Ext. haematoxyli ʒij
Misturae cretae ʒxij
Vin. ipecac. fʒij
Vin. opii fʒj
M.
A tablespoonful as required

Rx.
Acid. sulph. dil. m xv–xx
Tinct. opium x–xv
Tinct. cinchon. comp. ad fʒj
M.
For one dose.

ڈسپنیا یعنی دقت نفس

خشک سینگی سینہ پر لگانے یا روغن جمال گوٹہ کا لینیمنٹ سینہ پر ملنے سے فایدہ ہوتا ہے
اور کھانسی کے سبب کو تدمی زیادہ ہوگئی ہو تو کلوروفارم کا انہیلیشن یا پانچ گرین
ارسار مسی ایک پاؤ گرم پانی میں ملا کر اسکا اجزے لینا مفید ہے ؛

ہیماپٹیسس یعنی نفث الدم

اسکا بیان اور علاج دیکھنے کے لئے دیکھو صفحہ

نائیٹ سویٹس یعنی رات کا پسینہ

سل والے کو رات کو پسینہ جو بکثرت نکلتا ہے اسکے روکنے کے لئے بلاڈونا اور اٹروپیا
سے بہتر کوئی دوا نہیں ہے اور اسکے ساتھ مارفیا کا ملا دینا اور بھی اچھا ہے -
اٹروپیا کو گولی یا سولیوشن کی صورت میں بمقدار ساٹھویں حصہ گرین [illegible]
مگر سولیوشن جلد خراب ہو جاتا ہے اسلئے گولی بہتر ہے - اور ہیپوڈرمک سرنج دیا ہو تو
سو [illegible] حصہ گرین اٹروپیا کا دیتے ہیں ؛
بقول ڈاکٹر ہیل صاحب یہ نسخہ بہتر ہے ؛

Rx

نسخہ

Atropine sulph. gr 1/60 - 1/40 — سلفیٹ اٹروپیا ۱/۶۰ سے ۱/۴۰ حصہ گرین

اکسٹراکٹ آف جنٹین ۲ گرین
انکی ایک گولی بناکر دیدین ؛
Ext. gentian gr ij
For one pill

بقول ڈاکٹر ٹینر صاحب یہ نسخہ دینا مناسب این ؛

نسخہ

Rx.

کیا لک ایسڈ ۱۲ اسکروپل
اکسٹراکٹ آف انڈین ہمپ ۵ گرین
کنفکشن آف روز ۱۰ گرین
سبکو ملاکر دس گولیان بنایئن
اور ایک ایک گولی ہر شب سوتے وقت
دین ؛

Acidi gallici 3 ij
Ext. cannabis indica gr v
Conf. rosae gr x
For ten pills. One to be taken every night.

نوع دیگر

Rx

اکسٹراکٹ آف بلاڈونا ایک گرین
سلفیٹ آف زنک ایک گرین
اکسٹراکٹ آف جنٹین ایک گرین
انکی ایک گولی بناکر سوتے وقت دین ؛

Ext. belladon.
Zinci sulph.
Ext. gentian. āā gr j
For one pill at night.

نوع دیگر

سلفیٹ آف زنک ایک گرین
اکسٹراکٹ آف ہارسائرس ۲ گرین
انکی ایک گولی بناکر انکو سوتے وقت دین ؛

Rx
Zinci sulph. gr j
Ext. hyoscyami gr ii
For one pill

ل ڈاکٹر ہیڈن صاحب صبح کو پسینا آتا ہو تو ایک یا دو بار رات کو ڈوور پاؤڈر
اور گنگنے پانی و سرکہ میں اسفنج بھگو بھگو کر بدن کو پونچھنا بہتر ہے +
ِن حرارت زیادہ ہو جاتی ہو تو اسکے روکنے کے لئے دو یا پانچ گرین کونین کا دینا
ہے +

ٹیوبرکیولر لیرنجائٹس

لے بیان کے لئے دیکھو صفحہ

Torpidity and functional derangement of the Liver

ٹارپیڈٹی اینڈ فنکشنل ڈرنجمینٹ آف دی لور

جب جگر کے فعل میں سستی آجائے تو اسے ٹارپیڈٹی اور فعل میں فتور ہو تو فنکشنل ڈرنجمینٹ آف دی لور کہتے ہیں ۞

گرم ملک میں رہنے کے سبب سے اکثر جگر کے فعل میں سستی ہونے سے زرد رنگ کا پاخانہ قبض و قراقر شکم و دیگر علامات بدہضمی کی پیدا ہوتی ہیں۔ چہرہ کی رنگت بہور یا زرد یا پیلی و درہمت مریض کی پست ہو جاتی ہے۔ اگر کھانسی کی زیادتی ہو تو آتشک بیمار سل کے سبب خیال کرتا ہے۔ پسینہ بہت آتا ہے ۞

علاج

ڈاکٹر حیین صاحب Brunnhuson M.D.

فرماتے ہیں کہ ایسے مریضوں میں باسی روٹی۔ خوب پکا ہوا سادہ بکری کا گوشت۔ چپاتی پھلکی۔ انڈے۔ مرغابی۔ تندرست ساگ۔ ہلکی چار پائی کا پلنگ کو دینا اور شدید مریضوں میں۔ آلو۔ چاول۔ ساگودانہ اور دیگر نشاستہ دار سے پرہیز کرانا اور غذا کی حسب ضرورت کھلانا مناسب ہے ۞

دوا ور نمکین مسہلات مثلاً سلفیٹ آف میگنیشیا یا سلفیٹ آف سوڈا۔ ٹارٹریٹ آف پوٹاش۔ ٹارٹریٹ آف سوڈا وغیرہ اور مرکبات پارہ میں سے صرف کیلومل دینا چاہئے۔ الکلی دوا دینا ہو تو کاربونیٹ آف لیتھیا یا کاربونیٹ آف امونیم

…ره کریں کاربونیٹ آف سوڈا کی بابر اثر رکھتا ہے مگر اسکا دینا کبھی کبھی بند کرنا ہے
…بیے کیونکہ زیادہ استعمال کرنے سے ہضم میں فتور ہوجاتا ہے ؀

℞.

نسخہ

Ammoniae chlor. de purif. ℨss — …ریفائنڈ کلورائیڈ آف امونیم نصف ڈرام

Aq. menth. pip. ℥iii — …پیپرمنٹ واٹر ۳ اونس

…دونوں کو ملا کر ایک ایک ڈیزرٹ اسپون فل مکسچر

A dessertspoonful 3 times a day. — …دن میں تین مرتبہ دیں ؀

…عملہ بقیا شے کے مرکبات سے فولاد و کونین سے کچھ فایدہ نہیں ہوتا اور جیسا اوپر …
…گیسکر ملا یہ … یا دکھلیہ کا دینا بہ نسبت مرکبات سنکونا کے بہتر ہے اور … کو سنکیا مفید
…ہے ؀

ڈاکٹر گارڈنر صاحب Dr. Gardner

…معطر از … کر … ٹاٹا فدی اور … پوڈو فائلن ایک نہایت مفید دوا ہے کی
…ایک خوراک سے اکثر مریض اچھا ہوجاتا ہے۔ قلیل المقدار … ہمراہ کچھ …
…یاری … کے … دیتے ہیں۔ اور معمولی علاج … کر … کو …
…کے ساتھ ملا کر رات کو دیں اور صبح کو … دیا جاتا ہے ؀

Typhoid Fever

ٹائیفائیڈ فیور

ٹائیفائیڈ فیور کو گیسٹرک فیور - ٹائیفیا - پیتھوجنک فیور - انٹرک فیور -
انڈوسٹل فیور - اور عربی مین حمی مطبقہ متناقصہ کہتے ہین ◆

یہ ایک چھوت لگنے والا بخار ہے جو حیوانی سمیت سے اکثر جوان آدمیون کو ہوتا ہے
اور دس برس سے کم اور چالیس برس سے زیادہ کی عمر مین بہت کم لاحق ہوتا ہے - اور اسکا
دورہ اکیس یا اٹھائیس روز تک رہتا ہے ◆

اگر سم کا اثر تیز ہو تو سعادت وقتے ہو کر بخار چڑھتا ہے ورنہ کچھ روز سستی رہ کر
دفعتہً سردی معلوم ہو کر بخار چڑھ آتا ہے بہر حال ایک ہفتہ کے بعد تو مریض اسقدر
ضعیف ہو جاتا ہے کہ بستر سے اٹھنا نا ممکن ہو جاتا ہے تشنگی و گرمی ایسی ہوتی ہے
کہ کسیطرح نہین جاتی - رات کیوقت اور بھی مریض مضطرب رہتا ہے نیند مطلق نہین
آتی - شروع مین تین چار زرد یا سبز یا بدبودار دست ہوتے ہین - داہنی
کوکھ کے دبانے سے غڑاہٹ کی آواز آتی ہے اور درد ہوتا ہے - آٹھوین دن سے
[illegible] اور جلد پر سرخ یا گلابی رنگ کے دانے مثل خشخاش نکل آتے ہین جنکو
دبانے سے انکی رنگت دور ہو جاتی ہے [illegible] ایک دو روز بعد یہ دانے زائل ہو جاتے
ہین اور بعدہ انکی جگہ اور نکل آتے ہین اور تا اختتام مرض یہی کیفیت رہتی ہے -
اور کبھی تو بے شمار تعداد مین چہرہ سے پیر تک ہوتے ہین اور گاہے اسقدر کہ جابجا مطلق
خالی جگہ نہین رہتی اور سفیدی دکھائی دیتی ہے اور بعض مین ظاہر بھی نہین ہوتے ◆

تیسرے ہفتہ کے بعد بخار اتر کر صرف کمزوری رہجاتی ہے جس سے بھی مریض کبھی مرجاتا ہے

علاج سے صحت ہو جاتی ہے مگر تیسرے ہفتہ میں بھی بخار نہ چھوڑے تو خراب علامات نمایاں
ہوتی ہیں جنکی فہرست یہ ہے ۔ ہذیان ۔ ہچکیاں ۔ ضعف ۔ بیہوشی ۔ تشنج ۔
کانوں میں جھنجھناہٹ کی آواز آنا ۔ بہرا ہو جانا ۔ سیکرم پر بستر کے زخم ہونا ۔ پتلیاں
پھیل جانا ۔ غفلت ۔ نفخ شکم ۔ اسہال ۔ خشکی زبان ۔ دانتوں پر میل جمنا
نبض کا متواتر ضعیف چلنا ۔ شدت کی کھانسی ہونا ۔ جلد کا رنگ سیاہی مائل
ہونا ۔ طحال کا بڑھ جانا ۔ آخر الدم ضعف یا اعضاء اندرونی کی سوزش سے
مر جانا ۔ یا رفتہ رفتہ چوتھے ہفتہ سے چھٹے ہفتہ تک آرام پانا وغیرہ ۔

اس مرض کے ساتھ جو امراض شامل ہو جاتے ہیں وہ یہ ہیں ۔ علامات دماغ ۔
گردوں کا اجتماع خون ۔ برنکائٹس ۔ ذات الجنب ۔ ذات الریہ ۔
بعد اندمال مرض گلٹیوں میں مواد ٹیوبرکلس کے انجماد کا میلان ہونا ۔ یا ہرپیز یا
فلی بائٹس یا پیریٹوناٹیس کا ہو جانا ۔

بالفعل وغیرہ سے مریض آرام پاتا ہے تو تین چار ماہ تک اسکی صحت درست نہیں ہوتی اور چار یا
پانچ ہفتہ تک تو کسی کام کے قابل نہیں ہوتے ۔

علاج

ڈاکٹر کلارک صاحب Prof. Clark [illegible] فرماتے ہیں
کہ اگر مرض شدید نہ ہو تو علامات لاحقہ کا علاج کرنے کے سوا اور کچھ دوا کی ضرورت نہیں
ہوتی یعنی اسہال ہو تو عام قابضات مثلاً ٹنکچر آف کائنو یا ٹنکچر آف کٹیکیو یا کبھی افیون
دیں ۔ کھانسی دور کرنے کے لئے دس سے تیس قطرے ٹنکچر آف سنبل [illegible] شکر میں ملا کر کھلانا یا

یا یہ نسخہ دینا اور کبھی آب گرم کے بخارات سنگھانا بہتر ہے ۔

نسخہ

کمپچر آف گوگم ایک ڈرام سے نصف اونس

ٹنکچر آف بالسم آف ٹولو چھ سے دس منم

یہ دوا دو دو یا تین تین یا چار چار گھنٹہ بعد دیں ۔

every two hours

چونکہ بیچینی جا اس مرض کی ایک بڑی علامت ہے اسکے رفع کرنیکو سرد یا گرم پانی میں
اسفنج بھگو کر جسم پر پھیرنا خوب ہے مگر حرارت کی زیادتی ہو تو بہ نسبت گرم کے سرد پانی بہتر ہو
اور بعض مریضوں میں اسی امر کے لئے ڈوورس پوڈر دینے کی بھی ضرورت پڑتی
اگر جسمی حرارت ایکسو پانچ درجہ تک بڑھ جائے تو مریض کو چھانوے درجہ کے گرم پانی
میں غسل کرائیں مگر کچھ دیر بعد تھوڑا گرم پانی نکال کر اسمیں اتنا سرد پانی ملا دیں
اسکی حرارت اسی درجہ کی ہو جائے ۔ غرضکہ بیس منٹ تک یہ حمام کرا کے بدن
کر پلنگ پر لٹا دیں ۔ اس ترکیب سے مریض کے جسم کی حرارت پانچ درجہ کم ہو جائیگی
جب کئی گھنٹہ بعد پھر حرارت زیادہ ہو جائے تو پھر بدستور سابق غسل کرائیں تاکہ حرارت
کے خطرناک درجہ سے مریض بچ جائے ۔

پاخانہ کی راہ خون آنے کے لئے ٹولوئیڈ ایکسٹرکٹ آف ارگٹ اور جو آنتوں میں سوراخ ہو جائے تو
پوری مقدار میں افیون دینا چاہئے ۔

غذا پرورش کنندہ و سیال مثلاً دودھ و یخنی و اکسٹراکٹ آف بیف وغیرہ دیں
صاف ہوا دار مکانمیں مریض کو رکھنا مناسب ہے ۔

طریق علاج اسپتال بوسٹن Boston City Hospital

سپتال میں داخل ہوتے ہی پلنگ پر رکھیں اور پرورش کنندہ غذا خوب کھلائیں شلا
بیف ٹی گھنٹہ کے اندر دو ہی سیر دودھ تھوڑا تھوڑا کر کے پلا دیں - الکوہل و ٹرائی سرد
کرا میں اسفنج بھگو کر بدن پونچھیں - اسہال روکنے کو ایک گرین افیون دیجئے تھا ہی
ریں سلفیٹ آف کاپر دیں ہذیان وغیرہ علامات دفع کرنیکو سر پر برف لگائیں -
زدہ لنگی و خشکی دہن رفع کرنیکو گلاب گلیسرین مساوی الوزن ملا کر اسکی کلیاں کرائیں
ضعف مریضوں کو بیس بیس قطرے ڈائلیوٹ نائیٹرک میوریٹک ایسڈ دو دو گھنٹہ بعد پلائیں
ور آرام و نیند و پرورش کا خیال رکھیں ‌‌

ڈاکٹر پیپر صاحب Prof. W. Pepper M. D.

رماتے ہیں کہ ابتداء مرض سے دوسرے ہفتہ میں جب درد و اسہال کم ہوگیا ہو تو مندرجہ
یل نسخہ سے دست بند ہوجاتے ہیں اور مرض میں جلد فائدہ ہوتا ہے اور دودھ وغیرہ
تو دیا ہی جاتا ہے مگر محرکات کی کم ضرورت پڑتی ہے صرف کونیا مقویات کے ساتھ دینا
ہوتا ہے چنانچہ وہ نسخہ یہ ہے ‌‌

نسخہ

ائیٹریٹ آف سلور	چوتھائی گرین $\frac{1}{4}$	Argenti nitratis gr $\frac{1}{4}$
سٹر اکٹ آف بلاڈونا	نصف گرین $\frac{1}{2}$	Ext. belladonnae gr $\frac{1}{2}$
اکسٹراکٹ آف اوپیم	چھٹے حصہ گرین نصف گرین تک	Ext. opii aquosae gr $\frac{1}{6}$ - $\frac{1}{2}$

سے

شکر ملا کر تین گولیاں بنائیں — For one pill - Three
اور ایک ایک گولی دن میں تین بار — times a day after
کھانا کھانیکے بعد دیں ۔ — food.

ڈاکٹر لیبر میسٹر صاحب — Prof. Liebermeister M.D.

فرماتے ہیں کہ اس مرض کا علاج دو طرح سے کیا جاتا ہے ایک تو آیوڈین اور کیلومل سے
دوسرے کونین سے ۔ پس بطریق اول ایک سکروپل سے ایک ڈرام تک آیوڈائیڈ آف پٹا[illegible]
چوبیس گھنٹہ کے اندر یا اتنے ہی عرصہ میں تین چار بار کر کے آٹھ آٹھ گرین کیلومل دینا
مگر نویں دن سے پیشتر دیا جائے تو بہ نسبت آیوڈائیڈ آف پٹاسیم کے کیلومل سے [illegible]
فائدہ ہوتا ہے ۔ علاوہ بریں سرد حمام بھی کرانا مناسب ہے چنانچہ ساٹھ یا [illegible]
درجہ کے پانی میں جوان آدمی کو دس منٹ رکھیں مگر مریض کمزور ہو تو سات آٹھ منٹ
ہی کافی ہوتا ہے ۔ بعد حمام کے مریض کو خشک چادر میں لپیٹ کر پلنگ پر لٹا دیں اور ایک
وائن گلاس دیں ۔ اگر مرض شدید ہو تو دو دو گھنٹہ بعد حمام کرائیں اور مرض
اوسط درجہ کا ہو تو ہر روز چار دفعہ سے آٹھ دفعہ تک حمام کرانا چاہیے مگر نہایت کمز[illegible]
[illegible] سے سیلان خون ہو یا آنتوں میں سوراخ ہو گئے ہوں تو غسل
[illegible] کرائیں ۔

دوسرا طریق علاج کا کونین کا دینا ہے جو بافائدہ کیا جائے تو بہ نسبت قسم اول کے
مفید ہوتا ہے یعنی دس [illegible] بعد [illegible] آٹھ آٹھ گرین کونین کے [illegible]
یا ایک گھنٹہ کے اندر [illegible] گرین تک کونین دیں اور بعد اس کے [illegible]
گھنٹے کے دوبارہ اسیطرح کونین کا استعمال کریں [illegible] حرارت کم ہو جاتی ہے [illegible]

...قسم کی حرارت ضرور سو درجہ فرنہائٹ پر ہو جاتی ہے لیکن بخار خود بخود کم ہو جاتا ہو تو ...جن سے چندان فائدہ نہیں ہوتا ۔

...ہر دو علاج مذکورہ بالا سے فائدہ نہ ہو تو گیارہ سے بائیس گرین تک ڈجی ٹلس کا ...نوٹ چھتیس گھنٹہ کے اندر دیکر اسکے بعد چالیس گرین کو تین ایک گھنٹہ مین کھلا دین ...اسہال ہو تو قلیل المقدار افیون بار بار دین نفخ ہو تو درد شکم پر سردی لگائین ۔ ...سرد پانی کا حقنہ کرین ۔ پیٹ پر آئیل آف ٹرپن ٹائن ملین ۔ اسہال سے خون جاری ...تو چوبیس گھنٹہ مین دو گرین افیون دین پیٹ پر برف لگائین ۔ بالکل آرام چین ...سے رکھین ۔

ڈاکٹر جےکودجسا Prof. S. Jaccoud M.D.

...فرماتے ہین کہ حتی الامکان مسہل وغیرہ دیکر مریض کو کمزور نہ کرین اگر ضرورت ہی ہو تو ...سیڈلیٹز پوڈر دیکر ملین کرا دین اور ہر چوبیس گھنٹہ مین یہہ مکسچر پلا دین ۔

نسخہ

Rx.

Ext. of cinchona bark	℈ii	۲ اسکرپل	...ٹراکٹ آف سنکونا
Tinct. of cinnamon	ʒii	۲ ڈرام	...چر آف سینمن
Syr. of orange peel	℥i	ایک اونس	...سیرپ آف اورنج پیل
Red Bordeaux wine	℥iii	۳ اونس	...سرخ بوردے شراب
Old brandy	℥i	ایک اونس	...پرانی برانڈی

M. ...سبکو ملا لین ۔ اور یہہ سب چوبیس گھنٹہ کے...

...اسکی مقدار تین چار اونس تک حسب ضرورت بڑھا سکتے ہین ۔

اندر پلا دین ؛

علاوہ دوا مذکور کے دنین دو بار یا زیادہ شوربا ولیمونیڈ وار چھوتا لی حصہ کرین [illegible]
ملا کر دین اور بعد ایک ہفتہ کے دنین دو بار پرورش کنندہ غذا کا حقنہ کرین۔ اور مریض
کے جسم کی حرارت ایکسو دو درجہ پر ہو اور شام کو بہی ایکسو تین درجہ سے زیادہ نہو تو
دنین دو بار اور بحالت زیادتی تین چار بار دین۔ خوشبودار سرکہ مین اسفنج بہگو بہگو کر
بدن پونچہ دین اور بخار ہوتے تک برابر یہ عمل کرتے رہین کیونکہ اس سے مریض کو آرام
اور تازگی معلوم ہوتی ہے۔ اگر بکیلیا یا پمپوژی امراض پیدا ہو جائین تو خشک سینگی
لگائین ؛

ڈاکٹر میفٹ صاحب (2) Dr. A. Maffat

جب مرض کی تشخیص ہو جاے تو آدہا آدہا ڈرام آئیل آف ٹرپن ٹائین انڈے کی [illegible]
مین ملا کر برابر دنین چار چار بار پلاتے رہین اور غذا یخنی دودہ وچکن برا[illegible]
و پھینٹے ہوے انڈے و برانڈی دین ؛

ڈاکٹر وائٹ صاحب (3) Dr. R. P. White

[illegible] سے سب مریضونکو فایدہ ہوتا ہی اور اس مرض مین ایسی کوئی علامة [illegible]
[illegible] مین اس نسخہ کا دینا منع ہو ؛

نسخہ Rx.

آئیل آف ٹرپن ٹائین	۲ ڈرام	ol. terebinth
سولیوشن آف پٹاش	۲۰ ڈرام	Liq. potassa 3ij
مسولج آف گم	۴ ڈرام	mucilag. acaciae 3iv

سیرپ آف وائٹ پاپاورس ۸ ڈرام — Syr. papaveris albi

سیرپ آف اورنج فلاور ۸ ڈرام — Syr. flor. aurantii aa ʒ viii

پھر واٹرا اتنا کہ آٹھ اونس ہو جائے — Aq. camph. q. s. ad f. ℥ viii

اسمین سے ایک ٹیبل اسپون فل چار چار گھنٹہ

بعد بوتل کو ہلا کر پلائین — A tablespoonful every fourth hour.

ڈاکٹر ینفنر صاحب

فرماتے ہین کہ اس مرض کی ہر حالت مین آئیل آف ٹرپنٹائین نہایت مفید ہی چنانچہ بموجب

انکے بعضین ایک تو وہ حالت ہے جسمین بعد دوسرے ہفتہ کے بعض وقت زبان پر خشکی

اور سرخی و بیچ مین ہموار پن ہوتا ہے اور کانٹے پڑ جاتے ہین اور نفخ کی زیادتی ہوتی ہے

پس اس حالت مین دس دس قطرے آئیل آف ٹرپنٹائین دینے دو دو گھنٹہ اور

بعد مین تین تین گھنٹہ بعد دینے سے تمام خوفناک علامات رفع ہو جاتی ہین۔ دوسرے بعد

شدت بخار کے اسہال موجود رہنے کے سبب اصل مرض دیا برس گلینڈ کے زخمون کے

ملائم ہونے مین دیر لگے تو اس دوا سے بہت فایدہ ہوتا ہے یعنی خواہ اسہال مین بار بار

پانچ قطرے سے دس قطرے تک اور تمپنا ئنٹس ہینا بشرطیکہ اسہال ہو تو ایک ڈرام

چھ چھ گھنٹہ بعد دین ❖

Tinct. G. [illegible]

ڈاکٹر والکس صاحب

فرماتے ہین کہ اس مرض مین جب تک زبان صاف ہو دس قطرے سے تیس قطرے تک ٹنکچر

پرکلورائیڈ آف آئرن کو پانی مین ملا کر تین تین یا چار چار گھنٹہ بعد پلائین یا [illegible]

ہائیڈروکلورک ایسڈ کے ساتھ دین ❖

ڈاکٹر تمیز خان صاحب - Dr. Tamiz Khan

جب بخار کی شدت کے سبب سے حرارت ایکسو پانچ سے ایکسو آٹھ درجہ تک ہو اور نبض فی منٹ ایکسو دس سے ایکسو بیس ضربہ چلے اسہال میں زخم ہو جائیں (یہہ حالت اکثر مرض کے دوسرے ہفتہ میں ہوتی ہے) تو پندرہ گرین سے تیس گرین تک ڈجی ٹیلس کو آٹھ اونس کھولتے ہوئے پانی میں ڈالکر انفیوزن بنالیں اور جب تک نبض کی سرعت اور حرارت کی شدت کم ہو ایک یک اونس ہر دو دو تین تین گھنٹہ بعد پلاتے رہیں مگر اسکے دینے سے نبض فی الفور کمزور ہو جائے تو بند کر دیں یا مرض خفیف قسم کا ہو تو اسکا استعمال ہی نہ کریں مرض خفیف قسم کا یا ہندوستانیوں کو ہو تو

آب گرم میں اسفنج بھگو کر جسم کو پونچھنا - درد سر کی شدت کم کرنیکو بال سر کے منڈوا کر کولڈ لوشن یا برف رکھنا - اور یہہ نسخہ پلانا مناسب ہے

Rx.

نسخہ

Chlorate of Potash	gr. LX	کلوریٹ آف پوٹاش ۶۰ گرین
Cold water	℥ VI – XII	سرد پانی چھ سے بارہ اونس تک
An ounce every two hours.	m	اسمیں سے ایک ایک اونس دو دو یا تین تین گھنٹہ کے فاصلہ سے دیں

[illegible] استفادہ کے لیے بلکہ سیلان [illegible] اور حقیقت میں یہ بات ثابت ہے کہ [illegible] دماغی اضمحلال اور حرارت کی شدت یا اسہال [illegible] موثر یہ رسم ہو جاتا ہے پس اول مرض

ر رکنا بہتر نہین ہے مگر زیادہ دست آنے لگین تو ضرور روکنا چاہیے -
فع بلغم دور کرنیکو ایک یا دو پائنٹ دودہ و آب گرم و قدرے سفوف بادیان ملا کر اسکا
حقنہ کرنا چاہیے یا یہ نسخہ حقنہ کا بہتر ہے ٭

نسخہ حقنہ

Rx.

Asafoetida	ʒss.	نصف ڈرام	ایسا فیٹیڈا
Mucilage of starch	ʒiv.	۴ ڈرام	میوسلیج آف اسٹارچ
Water	Oj	ایک پائنٹ	پانی

M.

This for an enema - ملاکر حقنہ کرین ٭

سہال کی حالت مین لایم واٹر و دودہ اور چار پانچ دفعہ سے زیادہ دست ہونے لگین
د لعاب دار شربت مثلاً کانجی واٹر جیسا ندہ السی یا جوشاندہ خنازی پلائین - نہایت
لیس المقدار ابر کا کونا جس سے مطلق متلی یا قے ہو دست روکنے کے لیے دے سکتے ہین -
گر دستون کے ہمراہ خون آتا ہو تو یہ نسخہ مفید ہے ٭

نسخہ

Rx.

Sulph. acid dil.	mx.	۱۰ منم	ڈائیلیوٹ سلفیورک ایسڈ
Quinine	grss.	نصف گرین	سلفیٹ آف کونین
Syr. orange peel	ʒss.	نصف ڈرام	سیرپ آف اورنج
Aniseed water	ʒj	ایک اونس	انیسیڈ واٹر

M.

یہ ایک مقدار ہے ایسی دو دو یا تین تین

This every two hours. چار چار گھنٹے کے فاصلہ سے دین ٭

بقول ڈاکٹر حسب صاحبان اگر چوبیس گھنٹہ میں دس سے زیادہ دست آویں اور ضعف ہو
ہو تو قابضات کا استعمال کرنا چاہیے چنانچہ یہ قابض نسخے مفید ہیں ؛

نسخہ

Rx.

ulph. acid aromat. m xxx	۳۰ منم	ایرومیٹک سلفیورک ایسڈ
yr opii sadatav. m x-xx	دس سے بیس منم	لاڈ کراڈ یا پانی سڈیٹوا
q. menth. pip. ℥j	ایک اونس	پیپرمنٹ واٹر

M.

This every four hours.

یہ ایک مقدار ہے ایسی چار چار یا چھ چھ گھنٹہ کے فاصلہ سے پلائیں ؛

نوع دیگر

Rx.

ulph. acid aromat. ʒij	۲ ڈرام	ایرومیٹک سلفیورک ایسڈ
amph. mixture Co. ℥j	ایک اونس	کمپونڈ ٹنکچر آف کیمفر
nnamon water ℥j	ایک اونس	سنیمن واٹر

n ounce every three hours.

جسکو ملا کر ایک ایک اونس تین تین چار چار گھنٹہ بعد دیں ؛

اگر سعدہ ذی تیزابیہ موافق نہوں تو شوگر آف لیڈ ہمراہ ڈوورس پوڈر کے یا نسخہ جند
دیں مگر یہ خیال رکھیں کہ بحالت اختلاط افعال دماغ یا تشنج افیون کا دینا

نسخہ

Rx.

Acetate of lead gr ij	۲ گرین	ایسیٹیٹ آف لیڈ
Acetic acid dil. m j	ایک منم	ڈائیلوٹ ایسیٹک ایسڈ

Morphia gr. ⅙	آٹھواں حصہ	...فیا ایک گرین کا
Camphor water ℥i	ایک اونس	...فر واٹر
M.		
This every four hours-		ایک مقدار ہر ایسی ہی چار ... چھ گھنٹہ کے فاصلے سے ... پینا ۔

...ر فابضات مثلاً گیلک ایسڈ ۔ ٹانک ایسڈ ۔ آئیل آف ٹرپن ٹائن ۔ سلفیٹ آف کاپر ... آف میوسیلج ۔ ایلم وغیرہ بھی دستوں کو روکنے کے لئے دیئے جاتے ہیں علاوہ بریں ... بعض اوقات حقنے جو اسہالات میں نافع ہیں وہ یہ ہیں ۔

نسخہ حقنہ

Rx.		
Mucilage of starch ℥ii	۲ اونس	...ج آف اسٹارچ
Tinct. opii Mx–xxx		... آف اوپیم دس سے تیس منم
M.		
This for an enema.		... کو ملا کر شام کو حقنہ کریں ۔

نوع دیگر

Rx.		
Turpentine oil Mxxx	۳۰ منم	...ل آف ٹرپن ٹائن
Tinct. kino ʒii	۲ ڈرام	...چر آف کائینو
Liquid ext. of opium Mxxx	۳۰ منم	...یڈ اکسٹراکٹ آف اوپیم
Mucilage of starch ℥ii	۲ اونس	...ج آف اسٹارچ
M.		... کو ملا کر بارہ گھنٹہ کے فاصلے سے
This for an enema.		...نہ کریں ۔

بعد چوتھے ہفتہ کے امعا کے زخم نہایت ضعیف اور دست جاری ہون تو نصف گرین نا
آف سلور کی گولی بناکر چھ چھ یا آٹھ آٹھ گھنٹہ بعد دیتے ہین ٭

بیشتر یہ زخم و ٹیپنائیٹس ہو یعنی امعا و قولون ریح سے بھر جائے اور مریض بے چین ہو تو
اسٹمک پمپ کی نلی راہ مبرز قولون تک پہنچانے سے اخراج ریح ہو کر یہ تکلیف رفع ہو
ہے۔ اسکے سوا پیٹ پر تارپینٹائن کے تیل کے سینک کرنا یا پوستہ کی پوٹلس لگانا بھی مفید
اگر درد شکم ہوا اور اسکی زیادتی دبانے سے ہوتی ہو تو جونک بھی لگاتے ہین اور ...
کرتے ہین ٭

تقویت اعصاب کے لئے وائین کا استعمال اسی وقت کرنا مناسب ہے جب قوت لے کر
ہونیکی علامات ظاہر ہون ورنہ دماغ و اعصاب کی طاقت کے لئے سریع الہضم غذا
بہتر کوئی ترکیب نہین ہے۔ تیسرے ہفتہ کے اخیر مین جب نبض سست و کمزور ہو جائے زبان
آنتون پر میل جم جائے تو وائین دینے کی ضرورت پڑتی ہے مگر اس کے دینے سے نبض
سرعت چہرہ پر سرخی زبان پر خشکی آجائے یا ہذیان ہو جائے تو موقوف کردین۔ ا
اقسام وائین سے شیری دودھ کے ہمراہ یا پورٹ وائین یا نہایت ضعف ہو تو برانڈی
بہتر ہے کیونکہ کلارٹ وغیرہ جسمین ترشی ہے انسے دست آنیکا خوف رہتا ہے ٭

اگر پیشاب بند ہو تو کتھیٹر ڈالکر نکالنا۔ اور راہ پیشاب ... کا لیسنڈ کم خارج
... درد کا تصفیہ کرنیکے لئے ... گرم پانی مین غسل کرانا اور اس
دینا بہتر ہے ٭

ع دوا کمپرشن کی یہ ہے کہ باریک سوتی کپڑا تہ تہ کرکے شیر گرم پانی مین بھگو کر خوب نچوڑ کر
... شکم پر ... رکھ کر ... گرمی کم ہو جاوے

نسخہ

Rx.

Nitrate of potash gr xxx — ۳۰ گرین — نائٹریٹ آف پٹاس
Nitric ether ʒ iv — ۴ ڈرام — نیٹرک ایتھر
Infusion of buchu ℥ vii ss. — ساڑھے ساتھ اونس — انفیوزن آف بکو
M. — سبکو ملاکر نصف یا ایک ایک اونس یا چار
Half an ounce every sixth hour. — چھ چھ گھنٹہ بعد دین ؁

اگر ذیل گتھیبین کی علامات یعنی پیشاب مین سرخی یا خون یا البیومن کی موجودگی
ثابت ہو تو کمر پر خشک سینگیان اور رائی لگانا چاہیے ؁
مثانہ سے جریان خون ہونے لگے تو بقول ڈاکٹر لانس معدنی تیزابکا استعمال کرنا مفید ہے
گیا لک ایسڈ و ٹنکچر آف پرکلورائیڈ آف آئرن وغیرہ دیجاتے ہین - برف کے ٹکڑے کھلانا
برف مثانہ مین بھر کر شکم پر رکھنا - نسخ مندرجہ ذیل کا استعمال کرنا بھی مفید ہے ؁

نسخہ

Rx

Acetate of lead gr xxiv — ۲۴ گرین — شوگر آف لیڈ
Acetic acid dil. ʒ i — ایک ڈرام — ڈائلیوٹ ایسیٹک ایسڈ
Distilled water ℥ ii — ۱۲ اونس — ڈسٹلڈ واٹر
M. — سبکو ملاکر ایک ایک ٹیبل اسپون فل
A tablespoonful every half hour. — نصف نصف یا ایک ایک گھنٹہ کے فاصلہ سے دین ؁

نسخہ حقنہ

Rx

شوگر آف لیڈ	۱۵ گرین	Acetate of lead gr xv
ٹنکچر آف افیم	۲۰ قطرے	Tinct. Opii m xx
کانجی واٹر	۱۱/۲ اونس	Congi water 3xxm

سب کو ملا کر حقنہ کریں ◆ — m. This for an enema.

قے و تشنگی وغیرہ سے معدہ کا خراش ثابت ہو تو مسٹرڈ اور گاہے بلسٹر معدہ پر لگانے

ڈائیلوٹ ہیڈرو سیانک ایسڈ ہمراہی بسمتھ یا ہیڈرو کلوریٹ آف مارفیا دینے ۔ برف

کا پانی پلانے سے فائدہ ہو جاتا ہے ۔ اور اگر علامات مذکورہ کی نہایت ہی شدت ہو

مریض چنداں کمزور نہ ہو تو ایپیگاسٹرم پر جونکیں لگا سکتے ہیں ◆

جب معاء میں سوراخ ہو کر پریٹونیل انفلامیشن کی علامات ظاہر ہوں تو بجز افیون کے

اور کوئی دوا نہیں ہے یعنی ایک ایک یا دو دو گرین افیون کی گولی بنا کر دو دو تین تین

گھنٹہ بعد دیں اور جونکیں و پولٹس بھی لگائیں ◆

غذا اس مرض میں شروع سے ہی مقوی و سریع الہضم مثلاً یخنی شوربہ ۔ کانجی و

ٹوسٹ واٹر ۔ بیضہ ۔ اراروٹ ۔ سگو ۔ ٹپے اوکا ۔ شیر برنج پتلا

یا اسنا مغز وغیرہ بقدر ایک ایک گلاس دو دو تین تین گھنٹہ بعد یا حسب رغبت

مریض کے کھلائیں اور ہر قسم کے دینے سے بالکل پرہیز کریں ۔ اور چونکہ

خشکی زبان مریض کھانا نگل نہیں سکتا ہو اسلئے پہلے ایک چمچ پانی جس میں قدرے

لیموں کا نچوڑا ہوا پلا دیں یا قدرے سنجبین زبان پر رکھ کر غذا دیں ۔ صرف دودھ یا دودھ

یا نمین ملا کر پلائیں جب بخار کی شدت کم ہوگئی بعد کمزوری ہو اور مریض کی طبیعت غذا کی طرف مائل ہو تو

جھلی وغیرہ ضرور دیں ۔ تبعد فاقہ کے بھی آٹھ سات دن تک گوشت و دیگر ثقیل
اغذیہ سے پرہیز کرائیں ۔ اور قبل از غذا بیر و بورٹ وغیرہ کا دینا اچھا نہیں ہے ۔
بعض ہو تو روغن بیدانجیر یا آب گرم و صابون کا حقنہ کرنا خوب ہے اور مریض کو کچھ دنوں
تک چلنے پھرنے سے باز رکھنا بلکہ بستر سے بھی حرکت کرنے نہ دینا مناسب ہے ✦

ڈاکٹر میر اشرف علی صاحب Dr. Mir Ashraf Ali جو
رقمطراز ہیں کہ کونین سے اس بخار میں کچھ فائدہ نہیں ہوتا ۔ مسہل دینا بھی ناجائز
ہے مگر پتلے بدبودار سیاہ رنگ کے اسہال دست آتے ہوں تو ملینات مثل ریوند چینی
یا شیر خشت یا روغن بیدانجیر یا املتاس دینا اور پیٹ پر صرف آب گرم یا گرم پانی
اور تارپین کے تیل کے ساتھ سینکنے سے فائدہ ہوتا ہے لیکن ملینات کا استعمال بھی
ہوشیاری سے کرنا چاہئے کیونکہ بعض دفعہ ایک دو ڈرام روغن بیدانجیر سے بھی
بہت سے دست آجاتے ہیں ۔ چھوٹی آنتوں کی لعاب دار جھلی کا اجتماع خون دور کرنے کے
لئے شروع میں مقام درد پر تین چار جونک اور چند روز بعد رائی کا پلاستر لگانا
اور کم مقدار گرے پوڈر و ڈوورس پوڈر دینا چاہئے ۔ اسہال کی زیادتی
دور کرنیکے واسطے کمپونڈ چاک پوڈر ود اوپیم یا ڈائیلوٹ سلفیورک ایسڈ
دیتے ہیں علاوہ بریں جس مرض کی شکایت ہو اسکا علاج کرنا ۔ مقوی و زود
ہضم غذا کھلانا ۔ پورٹ وائین تقویت کے واسطے دینا ۔ ایک ڈرام
کلوریٹ آف پوٹاشش کو ایک پائنٹ پانی میں ملا کر بالعوض پانی کے پلانا ۔
صاف و ہوا دار مکان میں رکھنا ۔ جس مکان میں مریض ہو وہاں گیلی لکڑیوں
کا دھواں کرنا ۔ بعد صحت پانے کے مریض کے کپڑے و بستر وغیرہ کا جلا دینا مناسب ہے

Typhus Fever

ٹائفس فیور

ٹائفس فیور کو عربی میں حمی طبقہ مترابیدہ کہتے ہیں یہ بخار جو متعدی اور بہ نسبت ٹائفائیڈ فیور کے خراب ہے ہند میں بہت کم ہوتا ہے جب اسکی سمیت اثر کرتی ہے تو ایک دن سے بارہ دن تک سوار سستی و نادرستی طبیعت دکھاتی ہے سردی و عدم اشتہا و تشنگی و درد سر کے کوئی علامت نہیں ہوتی مگر بعدہ شدید بخار دفعتاً چڑھ آتا ہے اور مریض اسقدر جلد ضعیف و کمزور ہو جاتا ہے کہ تیسرے چوتھے روز اٹھنے بیٹھنے کی طاقت بھی زائل ہو جاتی ہے - چھونے سے بدن پر گرمی و خشکی - تشنگی - بے چینی - بےخوابی - درد اعضاء و درد سر خاصکر فرنٹل ہیڈک - قبض شکم - ایک قسم کی غفلت و غنودگی ہوتی ہے سانس سے ایک خاص قسم کی بدبو آتی ہے ساتویں دن بسبب نقاہت کے ہلا بھی نہیں جاتا زبان نکالنے سے کانپتی ہے - مریض غفلت میں پڑا رہتا ہے جگانے سے جاگتا ہے اور پھر بیہوش ہو جاتا ہے - شب کو ہذیان کی زیادتی ہوتی ہے - رفع یا اسہال نہیں ہوتا - پانچویں و ساتویں دن کے مابین چھوٹے چھوٹے سرخ یا سیاہی مائل دانے شکل شہتوت کے علیحدہ علیحدہ یا باہم ملے ہوئے کمر و بغل اول شکم پر بعدہ سینہ و پشت پر نکلتے ہیں جو دبانے سے زائل نہیں ہوتے ہ

ساتویں روز زبان خشک و بھوری ہو جاتی ہے گیارہویں دن ہذیان و بیہوشی ہو جاتی ہے اور پیشاب بے ارادہ نکلتا ہے یا بند ہو جاتا ہے - اور اکثر مریض دس بیس دن میں مر جاتا ہے یا دو ہفتہ بعد اچھے ہونے کی علامات دکھلائی دیتی ہیں اس مرض کے دور میں اکثر برنکائیٹس یا نمونیا یا دماغ کے انفلامیشن کی علامات بھی ظاہر ہو جاتی ہیں -

جب بیسویں دن سے یا سولھویں دن کے مابین مرض رو بصحت لاتا ہے تو عصبی دماغ کا خلل کم ہونے لگتا ہو اور تھوڑا تھوڑا آہستہ آہستہ زایل ہو جاتا ہے نبض باقاعدہ چلنے لگتی ہے کچھ بھوک بھی معلوم ہوتی ہے رات کو نیند آتی ہے اور مریض اچھا ہو جاتا ہے

علاج

ڈاکٹر ہارٹ شارن صاحب H. Hartshorne M.D.

شروع میں کوئی ہلکی ملین دوا مثلاً سائٹریٹ آف میگنیشیا یا ریوند چینی دیکر یوں علاج شروع کریں کہ گھبراہٹ دور کرنیکو مفید نسخے دیں ❊

نسخہ

℞

نائٹرک ایسڈ	۴۰ منم	Acidi nitrici gtt xl
پانی	۴ اونس	Aquae f ℥ iv

اس میں سے ایک یا دو دو ٹیبل اسپون فل تین تین گھنٹہ بعد دینا ❊

M. One tablespoonful every three hours.

نوع دیگر

℞

نائٹرو میوریٹک ایسڈ	نصف درام	Acidi nitro-muriatici f ʒ ss
نائٹریٹ ایتھر	نصف اونس	Spt. aetheris nitrici dulcis f ℥ ss
کیمفر واٹر ساڑھے	۵ اونس	Aq. Camph. f ℥ v ss

اس میں سے ایک ایک ٹیبل اسپون فل دو دو گھنٹہ بعد

M. A tablespoonful every two hours.

دو دو گھنٹہ یا تین تین گھنٹہ بعد دینا ٭
ابتداء مرض میں کثیر المقدار کونین دینا تو مضر ہے مگر جب حرارت جسمی کم ہو جاوے
تو دو دو گرین کونین چار پانچ بار دینا مفید ہے ٭
لہٰذا ابتدا میں گرونل ۔ توسٹ واٹر اور بعدہ طاقت قایم رکھنے کے لئے دو دو
بیف ٹی و چکن براتھ دمبدم پلاتے ہونا چاہئے ٭
دوسرے یا تیسرے ہفتہ میں اکثر مریضوں کو ایک حصہ وسکی یا برانڈی ملا کر اور دو یا تین حصہ
پانی ملا کر دو دو یا تین تین یا چار چار گھنٹہ بعد اور اسکے درمیان میں ایک ایک یا
دو دو ٹیبل اسپون مل آف بیف یا بیف ٹی دینا مناسب ہے ٭
محرکات کے دینے میں یہ احتیاط چاہئے کہ ہذیان یا نبض کمزور ہو تو اوسکا دینا شروع
کریں اور اوسکے دینے سے نبض آہستہ چلنے لگے یعنی ہذیان کم ہو جاوے تو سمجھو کہ
بیماری رکتی ہے مگر نبض سریع و سخت و سر گرم و جلد خشک و ہذیان کی زیادتی و سختی
ہو تو اوسکی مقدار کم یا بالکل بند کر دیں ۔ نمونیا کا علاج یوں ہے کہ کندھوں کے
درمیان خشک سینگیاں اور سینہ پر پلستر لگائیں ٭
ڈاکٹر چارٹرس صاحب Prof. M. Charteris
فرماتے ہیں کہ مرض کے پہلے دور میں ایک ایمیٹک دینے سے فائدہ ہوتا ہے اور جب مرض کا
حملہ شروع ہو تو تیس سے چالیس گرین تک ڈوور پوڈر کھلانے اور نیم گرم پانی کا
نتقر کرنے سے تبعض رفع ہو جاتا ہے ۔ بعدہ مسٹرڈ و دیگر سردی لگانا ۔ دل کی
پہلی آواز نہ سنائی دیتی ہو اور نبض کمزور ہو تو محرکات کا استعمال کرنا مناسب
ہے اگر زردی ہو تو مریض کو جگا کر محرک دوا دینا ۔ عصبی خراش یعنی بیخوابی ہو تو یہ سکن

نسخہ

Rx.

Hydrochloric acid dil. ♏XX	۲۰ منم	ڈالیوٹ ہیڈروکلورک ایسڈ
Nitric acid dil. ♏X	۱۰ منم	ڈالیوٹ نیٹرک ایسڈ
Nitric aether ♏XL	۴۰ منم	نائٹرک ایتھر
Liq. cinchona ♏XXX	۳۰ منم	لائکر آف سنکونا
Decoction scoparii ℥i	ایک اونس	ڈیکاکشن آف اسکوپیریا

This after three hours.

یہ ایک مقدار ہے ایسی تین تین گھنٹہ بعد پلایا کریں ۔

نوع دیگر

Rx.

Quinine gr. ss.	نصف گرین	سلفیٹ آف کونین
Sulph. acid dil. ♏XX	۲۰ منم	ڈالیوٹ سلفیورک ایسڈ
Sulph. aether ♏XV	۱۵ منم	سلفیورک ایتھر
Syr. of orange peel ʒss	نصف ڈرام	سیرپ آف اورنج پیل
Decoc. of scoparii ℥i	ایک اونس	ڈیکاکشن آف اسکوپیریا

This every two hours.

یہ ایک مقدار ہے ایسی دو دو گھنٹہ بعد دیں ۔

اخراج سمیت دو الکلائن سالٹ کی کمی پورا کرنے کیلئے کلورائیڈ آف سوڈیم ۱۰ گرین کی مقدار سوڈا ۔ شورہ ۔ جتنا مریض پینا چاہے پانی ۔ نائٹریٹ ۔ چار ۔ شورہ بعد نسخے دیں ۔

Rx. نسخہ

Chlorate of potass gr. LX	۶۰ گرین	کلوریٹ آف پٹاس
Aquae Oj	ایک پائنٹ	پانی

M.

To be given as required.

اسمین سے تھوڑا تھوڑا پلائین ✦

Rx. نوع دیگر

Acid tartrate of potash 3i-ii	ایک سے دو ڈرام	ایسڈ ٹارٹریٹ آف پٹاس
Boiling water Oj	ایک پائنٹ	کھولتا ہوا پانی
Lemon peel q.s.	حسب ضرورت	لیمو کا چھلکا
White sugar q.s.	حسب ذائقہ	شکر سفید

M.

To be given as required.

سبکو ملاکر حسب خواہش تھوڑے تھوڑے پلائین ✦

یوریا وغیرہ خارج کرنیکے لیے مسہل کا استعمال کرنا بھی بہتر ہے مگر مریض نقیہ ہو تو صرف ملینات مثلاً روغن بید انجیر یا کمپونڈ ربرب پل یا حقنہ ہی کافی ہے اور بخیال نقاہت مسہلات سے احتراز کرنا اولے ہے ✦

ابتداء مرض مین مقیات سے فایدہ ہوتا ہے مگر مریض کمزور ہو یا اسکو بخار اور بحار ہو تو دین اور بہت ہی ضرورت ہو تو ایکا کوانا وائن پلاکر قے کرائین ✦

زیادہ پسینہ آنا بھی مضر ہے اسلیئے ہلکے معرقات مثلاً نایٹرک ایتھر یا سولیوشن آف ایسیٹیٹ آف امونیا کا اسقدر استعمال کرین کہ بدن نم رہے ✦

عفونت دفع کرنیکے لیے ایک ڈرام سیوری ایسڈ ایک پائنٹ گرم پانی مین ملاکر اسسے

دنہیں دو تین بار بدن پونچھ دیا کریں ؛

ابتداء مرض سے قوت بحال رکھنے کے لئے مقوی و سریع الہضم غذا اوقات معینہ پر کھلائیں اور مرض کے چوتھے روز سے تیرہ چودہ دن تک چار چار گھنٹے بعد دیں یعنی کہ مریض سوتا ہو تو جگا کر کھلا دیں مگر ایام بحران کے قریب سوتے ہوئے مریض کو جگانا نہ چاہئے ۔ جب مریض نہایت کمزور اور اوسکی زبان میلی کانپتی ہوئی نبض تیز و ضعیف ہو جائے دل کی ٹپکی آواز کم یا بالکل سنائی دے یا دیگر امراض کی شرکت ہو یا جلد کی رنگت سیاہ ہونے لگے ۔ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہوں تو چار کافی و الکحل کا استعمال ہوشیاری سے مناسب ہے ۔ ہذیان میں الکحل دینے سے فائدہ ہو تو دیں ورنہ موقوف کر دیں

اس مرض میں یہ محرکات استعمال کئے جاتے ہیں ۔ برانڈی ۔ برانڈی مکسچر ۔ رم ۔ پورٹ ۔ شیری ۔ ہندوستانی دواتشہ شراب ۔ پس انمیں سے دو ڈرام سے ایک اونس تک ایک ایک دو دو گھنٹہ بعد اکثر اسپرٹ انک بیضی یا چکن براتھ کے ساتھ دیتے ہیں اور کبھی ایتھر کا فور یا ایتھر یا مشک وغیرہ کے شامل کرنے کی ضرورت پڑتی ہے اور جب بسبب نقاہت بیہوشی کے مریض نہ کھا سکے تو محرکات کا حقنہ کیا جاتا ہے ؛

درد سر ہذیان کے بعد ہو ۔ جی متلائے ۔ نبض بھری ہوئی چلے تو فوراً دو تین گرین دیں دو تین ٹیبل اسپون ہیلیبوریا کا لیمنٹ ملا کر پلائیں اور جو چہرہ و چشم پر سرخی و بدن پر گرمی و خشکی و درد سر کی زیادتی ہو تو گردن پر خشک سینگیاں اور اگر اس سے فائدہ نہ ہو تو سر منڈوا کر شانہ میں برف بھر کر سر پر لگائیں یا آئس سرد کے ترشح دیں یا نوجوان کو ایک دو جونک لگائیں بلکہ گرم پانی سے سینکیں اور درد سر باعث ضعف و کمی خون کے ہو تو محرکات بہت ہوشیاری سے دیں ؛

بیہوشی و غفلت میں تیز قہوہ و کافور دینا خشک سینگیاں یا رائی کا پلسٹر لگانا۔ گرم سینک کرنا مناسب ہے۔ اور بحالت غفلت مثانہ میں پیشاب کا ہونا ثابت ہو تو بذریعہ کیتھیٹر نکالنا چاہیے ؁

Typho-Malarial Fever

ٹائیفو ملیریل فیور

علاج

ڈاکٹر ولیمس صاحب Dr. Williams -

زمانے میں گر بعد تجربہ کے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ اس مرض میں کونین دینا مضر ہے
بس ضرور علاج اسہال و نفخ و درد امعا کا بند کرنا ہے چنانچہ انکے لیے دس گرین
ڈوورس پوڈر کئی کئی گھنٹہ بعد دینے سے بھی دست بند نہوں تو افیون و شوگر آف
لیڈ و سب نائٹریٹ آف بسمتھ و گلیسرین کا حقنہ کرتے ہیں - اور زبان کی سرخی
و خشکی و نفخ و درد شکم سے امعا کی سوزش شدید ظاہر ہو تو کلوریٹ آف پٹاسس
کا سیچوریٹڈ سولیوشن بمقدار ایک ایک ٹی اسپون فل ایک ایک دو دو تین تین
گھنٹہ بعد دینا مناسب ہے - بخار میں کینین سے کچھ فایدہ نہیں ہوتا - زود ہضم غذا
کھلانا اور محرکات کا استعمال کرنا ضرور چاہیے ؛

ڈاکٹر ہارلو صاحب Dr. Harlow

زمانے میں گر اس بخار میں الکوہل دینے سے پرہیز کرنا چاہیے الکوہالک اسٹمولنٹ کا دینا مناسب
نہیں صرف آخری درجہ میں کاربونیٹ آف امونیا و برانڈی کی ضرورت پڑتی
ہے اور یہ نسخہ بھی اسمیں مفید ہے ؛

Rx نسخہ

Quiniae sulph.	gr xxx	۳۰ گرین	کونین
Olei piperi nigri	ℳ xxiv	۲۴ منم	آئل آف بلیک پیپر
Acidi sulph. aromat.	ʒj	ایک ڈرام	ایرومیٹک سلفیورک ایسڈ
Syr. simplicis	℥iv	۴ اونس	سمپل سیرپ
Alcoholis	℥j	ایک اونس	الکوحل

M.

A tablespoonful every hour –

اس میں سے ایک ایک ٹیبل اسپون فی گھنٹہ
گھنٹہ بعد اور جب دوا ختم ہو جائے تو دو دو
گھنٹہ بعد دیں۔

Tic Douloureux / facial neuralgia پر

ٹکڈلرو

اسکو فیشیل نیورالجیا بھی کہتے ہین دماغ کے پانچوین جوڑے عصب کا شدید درد ہے جو اکثر ایک جانب خاصکر داہنی طرف بتدریج شروع ہو کر شدید ہو جاتا ہے۔ جب عصب مذکور کی پہلی شاخ مین ہو تو چشمخانہ کے بالائی کنارہ پر دوسری شاخ مین ہو تو چشمخانہ کے زیرین کنارہ و لب و رخسارہ و ناک پر۔ تیسری شاخ مین ہو تو زیرین جبڑے دانتون مین درد ہوتا ہے۔ اس درد کے ساتھ حقیقت مین تو کچھ فتور نہین ہوتا صرف نازک پر کبھی جلن معلوم ہوتی ہے مگر ٹہر ٹہر کر درد ایسا زور سے ہوتا ہے جیسے کوئی چیرتا ہو یا کوئی تیز چیز اندر گھستی ہو ❖

علاج

ڈاکٹر انسٹی صاحب E. Anstie M.D.

فرماتے ہین کہ کوانٹرا دی نیشن دو اکثر پرانکا غذائیت بخش و مقویات ادویہ مثلاً مچھلی کا تیل وغیرہ و دیگر فرضی اشیا ابتداء مرض سے ہی کھلانا۔ مارفیا یا اٹروپیا کی پچکاری ہی زیادہ جلد کرنا اس مرض کا عمدہ علاج ہے ❖

جب مارفیا کی پچکاری دینا ہو تو شروع مین بمقدار ⅛ حصہ گرین دن مین دو بار دین اور پھر رفتہ رفتہ ¼ گرین سے ½ گرین تک بڑھا دین اور جب فائدہ ہونے لگے تو بتدریج گھٹا دین۔ اور مارفیا سے فائدہ نہ ہو تو ⅟₆₀ حصہ گرین کی مقدار مین اٹروپیا کی پچکاری کرین ❖

فایدہ ۔ ڈاکٹر نسنی صاحب کا قول ہے کہ اس سے کم مقدار استعمال کیا جائے تو فایدہ یقین ہوتا مگر یہ خیال رکھنا چاہیے کہ یہ مقدار زیادہ دینے سے خصوصاً اثر پیدا کی جو مہلک زہر ہے اور شرط امید کیا ہے پچاسویں ساٹھویں حصہ گرین تک میں پچکاری کرینگے لیے لکھا ہے ۔

ڈاکٹر کاسٹا صاحب Prof. J. M. Da Costa

فرماتے ہیں کہ دن کو اس نسخہ کا دینا مفید ہے ۔

نسخہ

℞

Liq. potass. arsenitis, gtt v.	۵ قطرے	لائقر پوٹاشن
Syr. rhei arom. f ʒ j	ایک ڈرام	ایرومیٹک سیرپ آف روبرب
M. For one dose, three daily.		یہ ایک خوراک ہے ایسی تین خوراک کھانا کھانے کے بعد دیں ۔

رات کو تھیلی میں نمک بھر کر اور گرم کر کے گدی پر سینک کریں اور یہ گولی کھلائیں ۔

نسخہ

℞

Ext. belladon. gr ¼	چوتھائی گرین	اکسٹراکٹ بلاڈونا
Ext. hyoscyami	ایک گرین	اکسٹراکٹ آف ہایوسایمس
Ext. colocynth. comp.	ایک گرین	کمپوزٹ اکسٹراکٹ آف کالوسنتھ
Pulv. zingiberis	ایک گرین	جنجر پوڈر
āā gr. j. M. Make a pill.		سبکو ملا کر ایک گولی بنائیں ۔

Dr. N. Denton. ڈاکٹر ڈینٹن صاحب

کور فارم یا دوا مندرجہ ذیل کے لگانے سے شدت درد کی جاتی رہتی ہے ◆

نسخہ

Rx.

Olei camph. f ℥ ij	دو اونس	کیمفر آئیل
Pulv. opii ℈j	ایک اسکروپل	افیم پوڈر
Potassi nitratis gr xx	۲۰ گرین	نائیٹر

Mix well in a mortar and apply. — سب کو کھرل میں ڈالکر خوب ملا کر مقام ماؤف پر تھوڑا تھوڑا لگائیں ◆

W. Munro M.D. — ڈاکٹر منرو صاحب

چونکہ مقام ماؤف کی خونی آور دست سکڑنے سے یہ مرض ہوتا ہے بدیں وجہ کیلئے ہاٹ
کار بہ حل کر کے دو ایک قطرے آنکھ میں ڈالنے سے فایدہ ہو جاتا ہے ◆

Prof. F. V. Niemeyer M.D. — ڈاکٹر نیمیر صاحب

فرماتے ہیں کہ بیلگنس پل (جسکا دنیا ملک جرمنی میں بھی اس مرض میں مفید سمجھا گیا ہے)
درحقیقت مفید ہیں اور انکا یہ نسخہ ہے ◆

نسخہ

Rx.

Ext. hyoscyami	۱ اسکروپل	اکسٹراکٹ آف ہایوسس
Zinci oxidi, aa ℈j	۱ اسکروپل	اوکسائیڈ آف زنک

Divide in forty pills. Begin with one pill morning & evening. — دونوں کو ملا کر چالیس گولیاں بنائیں اور صبح شام ایک ایک گولی دیں پھر رفتہ رفتہ بیس گولی تک دیں ◆

ڈاکٹر ٹینر صاحب

نسخہ

℞.

Ext. belladonnae, ڈیڑھ ڈرام — ایکسٹراکٹ آف بلاڈونا

Ext. opii aa ℥iss. ڈیڑھ ڈرام — ایکسٹراکٹ آف اوپیم

Glycerinae f ℥iv ۴ ڈرام — گلیسرین

Ext. papaveris ℥iss ڈیڑھ اونس — ایکسٹراکٹ آف پاپیور

m.

To be painted over the affected part.

سبکو ملالیں انمیں سے تھوڑا سا مقام ماؤف پر لگا کر اسکے اوپر ٹشو پیپر رکھ کر السی کا گرم پولٹس رکھدیں یا فلالین سے سینکیں ۔

نوع دیگر

℞.

Aconitiae gr ij ۲ گرین — اکونائیٹا

Alcoholis gtt xx ۲۰ قطرے — الکحل

Adipis ℥j ایک ڈرام — چربی

m.

To be smeared over the painful nerve.

اکونائیٹا کو الکحل میں حل کرکے چربی خوب ملالیں اور عصب وقت کے راستہ میں تھوڑا بہت ہوشیاری کے ساتھ یہ خیال رکھ کے ذرہ ایکبار لگائیں کہ ذرا بھی وہ جگہ چھلی ہوئی نہو

ڈاکٹر ویکس صاحب Waakes M.D.

نسخہ مندرجہ ذیل کو مفید جانتے ہیں ۔